سوال

(21) اخلاص وریاکاری

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

اکثر یوں ہوتا ہے کہ انسان کسی نیک کام کا ارادہ کرتا ہے، پھر شیطان اس کے دل میں یہ وسوسہ ڈال دیتا ہے کہ تو یہ کام ریاء کاری، شہرت اور دکھلاوے کے لیے کرنا چاہتا ہے، اس طرح شیطان ہمیں ایک نیک کام سے دور کر دیتا ہے ایسی چیزوں سے کیسے بچا جائے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

یہ شیطانی وساوس ہیں ان سے بچنے کے لیے (اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم) پڑھنا چاہیے اور پھر نیکی کے کام میں لگ جانا چاہیے۔ ایسے خیالات کی طرف متوجہ نہیں ہونا چاہیے جو انسان کو نیکی سے روکتے ہوں۔ جب انسان تعوذ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے تمام شیطانی کوششیں غارت ہو جائیں گی۔ (ان شاء اللہ) شیخ محمد بن صالح عثیمین

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ برائے خواتین

عقیدہ، صفحہ: 60

محدث فتویٰ